نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے سفید مکھی اور ملی بگ کے تدارک کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور 11 اگست 2021: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے بعض علاقوں میں سفید مکھی اور ملی بگ کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے۔**سفید مکھی کے موثر تدارک** کے لئے کاشتکار ابتداء میں نائٹروجنی کھاد کا استعمال کم کریں اور ہفتے میں دو بار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور اگر سفید مکھی کی معاشی حد 5 بالغ یا بچے فی پتا نظر آئیں تو فوراً محکمہ زراعت (توسیع یا پیسٹ وارننگ) کے مقامی مشورے سے سپرے کریں۔کاشتکار سات دنوں کے وقفہ کے بعد دوسرا سپرے کریں اور سپرے ترجیحاً صبح یا شام کے وقت کیا جائے۔اس کے علاوہ سپرے کے لیے ہالوکون نوزل کا استعمال کیا جائے۔ مطلوبہ نتائج کے لیے 100 تا 120 لٹر پانی فی ایکڑ استعمال کریں تاکہ دوائی یکساں اور پودے پودے تک پہنچ سکے۔ایک زہر کا بار بار استعمال نہ کیا جائے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کھیتوں میں پیلے رنگ کے 4 لیس دار چمکنے والے کارڈ کا استعمال کیا جائے اور انہیں 15 دن کے وقفہ سے تبدیل کیا جائے۔اس کے علاوہ کاشتکار نائٹروجنی کھاد کی آخری قسط 31 اگست تک ڈال لیں کاشتکار **ملی بگ کے تدارک کیلئے** کپاس کے کھیت میں ملی بگ سے متارہ پودوں کی نشاندہی کریں۔اگر ملی بگ کا حملہ ابتدائی صورت میں ٹکڑیوں کی صورت میں ہو تو ایسے پودوں کو احتیاط سے پولی تھین بیگ چڑھا کر جڑ سے اکھاڑ دیں اور اُن کو کسی محفوظ جگہ پر گڑھا کھود کر زمین میں دبا دیں۔متاثرہ پودے اکھاڑنے کے بعد بھی کوئی متاثرہ پودا نظر آئے تو زمین کھود کر دبا دیں۔ترجمان نے مزید بتایا کہ زیادہ حملہ کی صورت میں متاثرہ پودوں پر محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے سپرے کرنے والے پودوں کا تعین کرکے ہفتہ میں دو بار سپرے کریں اور اس دوران پانی کی کمی نہ آنے دیں۔کاشتکار زرعی سفارش کردہ زہر کی مقدار کو کم از کم 100 تا 120 لٹر پانی میں ملا کر متاثرہ پودوں پر اوپر سے نیچے تک سپرے کریں۔سپرے کرتے وقت کچھ باتیں ذہن نشین رکھنی چاہیے مثلاً ایک ہی زہر کو بار بار سپرے نہ کریں۔حملہ کے شروع میں کنٹرول زیادہ موثر ہوتا ہے۔شروع میں حملہ ٹکڑیوں کی شکل میں ہوتا ہے۔ایسی صورت میں سپرے متاثرہ پودوں کے علاوہ اِس کے ارد گرد کے پودوں پر بھی ضرور کریں۔تمام کھیت میں سپرے کرنے کی ضرورت نہیں۔بوم سے سپرے زیادہ موئثر نہیں ہوتا اس لئے کاشتکار ہالوکون نوزل سپرے استعمال کریں جبکہ بڑی فصل کے لئے پاور سپریئر کا استعمال کریں۔ملی بگ کے موثر تدارک کیلئے کاشتکار کپاس کے کھیت سے جڑی بوٹیوں کی تلفی یقینی بنائیں۔یاد رہے، ملی بگ متاثرہ افراد کے جسموں اور سپرے مشینری سے چپک کر صحتمند پودوں کو منتقل ہونے کا احتمال ہوتا ہے لہٰذا کاشتکار سپرے کے فوراً بعد مشینری اور حفاظتی لباس کو اچھی طرح دھو لیں۔

☆☆☆☆